سوانح کر بڑی محنت سے وہ "ہندوستانی" لکھی ہوگی جسے انہوں نے اپنی تقریروں میں ذریعۂ اظہار خیال بنایا ہے۔ اگر انہی حضرات سے کہا جائے کہ ذرا کھڑے ہو کر برجستہ کسی مسئلہ پر اپنے خیالات ظاہر کیجیے تو ہمیں یقین ہے کہ وہ "اپنے دیس کی یہ کھڑی بولی" چند جملوں سے زیادہ نہ بول سکینگے۔

خلاصۃ القرآن - پارۂ عم	مولوی اظہار الحسن صاحب ریٹائرڈ ڈپٹی کلکٹر۔ قیمت ۱۲؍ حاجی عبدالقیوم تاجر

کتب ۱۶ ویلزلی اسکویر - کلکتہ -

عام فہم زبان میں پارۂ عم کی سورتوں کا مطلب بیان کیا گیا ہے۔ بعض مقامات پر الفاظ کی مختصر تشریح بھی ہے، اور ترجمۂ آیات کے ساتھ سادہ اور مختصر تفسیر بھی۔ زبان میں پوربیت کا اثر غالب ہے کہیں کہیں بلا ضرورت صوفیانہ خیالات کی آمیزش کردی گئی ہے اور بعض مواقع پر ضعیف روایات کے مطابق تفسیر کی گئی ہے۔ بہرحال بحیثیت مجموعی عوام کے لیے یہ سلسلہ مفید ہو سکتا ہے بشرطیکہ اشاعت سے پہلے کسی معتبر عالم سے مشورہ لے لیا جائے۔

اساس انقلاب یا مراقبۂ نماز	مرتبہ مولانا ابو الحامد محمد بن عبداللہ انصاری مقیم کابل۔ قیمت ۸ ر تعداد صفحات ۱۰۲ - ملنے کا پتہ بہ کتب خانہ فخریہ شاہی کمپنی - مراد آباد۔

لائق مولف حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی بانی دارالعلوم دیوبند کے حقیقی نواسے ہیں اور عمر کا زیادہ حصہ حضرت شیخ الہند مولانا محمود الحسن کی معیت میں گذارے ہوئے ہیں۔ جنگ عظیم کے زمانہ سے افغانستان میں مقیم ہیں۔ اور حکومت افغانی کی بہت سی سیاسی خدمات انجام دے چکے ہیں۔ اساس انقلاب موصوف کے پختہ خیالات، گہرے مطالعہ اور قرآنی فہم کا مرقع ہے۔ اس میں انہوں نے اسلام کے اصلی نظریہ حکومت و سلطنت کو ملحوظ رکھ کر پوری تفصیل کے ساتھ یہ دکھایا ہے کہ اقامت نماز کے ذریعہ سے انسانوں کی جماعت کس طرح مطلوبہ انقلاب برپا کرنے اور فرائض خلافت انجام دینے کے لیے تیار ہوتی ہے، اور اس ٹریننگ کے بغیر سوسائیٹی میں اسلامی انقلاب برپا ہونا کیوں ناممکن